نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21-ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی قیادت میں اعلیٰ سطحی وفد کا چین کا دورہ

وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق صوبہ میں فارم میکانائزیشن کو عملی جامہ پہنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔سید عاشق حسین کرمانی

لاہور:14 اکتوبر2025:وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی قیادت میں ایک اعلیٰ سطحی وفد نے چین کا دورہ کیا۔ وفد میں پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اسامہ خان لغاری،سیکرٹری زراعت پنجاب افتخارعلی سہو، ڈائریکٹر جنرل انفارمیشن محکمہ زراعت پنجاب نوید عصمت کاہلوں، ڈائریکٹر پلاننگ فیلڈ محمد وسیم، چیف ٹیکنیکل ایڈوائزر حافظ عبدالرحمٰن ،ترقی پسند کاشتکار حسن رضا و دیگر اعلیٰ افسران شامل ہیں۔دورے کے دوران وفد نے چائنا ایگریکلچر مشینری ڈسٹری بیوشن ایسوسی ایشن کے نمائندوں سے خصوصی مذاکرات کیے۔

اس موقع پر وزیرزراعت پنجاب نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق صوبہ میں فارم میکانائزیشن کو عملی جامہ پہنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایسوسی ایشن کے تحت جدید زرعی مشینری تیار کرنے والی 1200 سے زائد کمپنیاں شامل ہیں۔مزید برآں، چائنا ایگریکلچر مشینری ڈسٹری بیوشن ایسوسی ایشن نے حکومتِ پنجاب کے ساتھ مشترکہ ورکنگ گروپ تشکیل دینے پر اتفاق کیا۔وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے مزید کہا کہ ایسوسی ایشن نے پنجاب میں جدید زرعی مشینری کے شعبے میں سرمایہ کاری میں گہری دلچسپی ظاہر کی ہے اور جلد ہی چائنا ایگریکلچر مشینری ڈسٹری بیوشن ایسوسی ایشن کا وفد پنجاب کا دورہ کرے گا۔پنجاب میں زرعی میکنائزیشن میں انویسٹمنٹ کے وسیع مواقع موجود ہیں۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخارعلی سہو نے کہا کہ چین زرعی شعبے میں گلوبل لیڈر ہے جبکہ پنجاب زرعی سروسز کے لیے ابھرتی ہوئی مارکیٹ کی حیثیت رکھتا ہے۔دورے کے دوران پوسٹ ہارویسٹ نقصانات کم کرنے اور زرعی تحقیق پر تعاون بڑھانے کے لیے چائنا کی نیشنل فوڈ اینڈ اسٹریٹیجک ریزروایڈمنسٹریشن کے ساتھ معاہدے پر دستخط بھی کیے گئے۔

☆☆☆☆